اُردو نامہ ادارت: سیّد منصور عاقل و شعیب بن عزیز - مجلس زبان دفتری حکومت پنجاب سول سیکرٹری ایٹ، لاہور۔

یہ رسالہ مجلس زبان دفتری کا ترجمان ہے اور اس کے مندرجات سے اس کا مقصد ظاہر ہے کہ سرکاری دفاتر میں اُردو زبان کو رائج کیا جائے۔ شمارہ اوّل سامنے ہے۔ علامہ شبیر بخاری، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی مرحوم اور پروفیسر اسمٰعیل بھٹی کے مقالات اس میں شامل ہیں۔ بعض موضوعات اہم ہیں مثلاً "وضع اصطلاحات کی ملّی بنیاد"، "اصطلاحات اور اُن کی تفہیم" اور "تعلیم اور زبان"۔ ڈاکٹر برہان احمد فاروقی اور ڈاکٹر نذیر احمد کے مختصر مگر مفید خیالات "اظہار خیال" کے عنوان سے دیے گئے ہیں۔

سائز بڑا ہفت روزوں والا - کاغذ سفید۔ طباعت اچھی، ٹائیٹل رنگین، صفحات ۴۰۔ قیمت فی شمارہ ۴/- روپے۔

نئی نسلیں ایڈیٹر: ابن فرید، انجم نعیم، م نسیم (مع دہ رکنی مجلس ادارت)۔ دفتر اشاعت: شمشاد مارکیٹ - علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱ - قیمت فی شمارہ (۴۸ صفحات) تین روپے۔ سالانہ ۳۰/- روپے

اس ادبی رسالے کا مزاج تعمیر پسندانہ، مقصد فلاح انسانیت اور تہذیبی نقطۂ نظر خدا پرستانہ ہے۔ دسواں شمارہ ہمارے سامنے ہے۔ اس رسالے کا وجود بھارت میں اُردو کی سخت جانی کا ثبوت ہے۔ چار مختصر افسانے شریک اشاعت ہیں۔ تین مقالات، طارق چھتاری کے ایک افسانے (تین سال) کا تجزیہ۔ ایک نعتیہ نظم (آزاد نظم) اور تین دوسری نظمیں (آزاد اور نثری نظمیں) شامل ہیں۔ ایک سفرنامہ ہے، کچھ تبصرے اور خطوط ہیں۔ اداریہ (اپنی باتیں) کے عنوان سے ہے۔ معروف لکھنے والوں میں سے ڈاکٹر احمد سجاد، سیّد اسعد گیلانی، پروفیسر عبدالسلام، صلاح الدین پرویز، ڈاکٹر وزیر آغا اور ابن فرید شریک محفل ہیں۔

اس رسالہ کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں کیونکہ اس میں غلط گھساوٹوں کے ذریعے انسانیت کو بہکانے یا جنسی جنون میں از خود رفتہ ہو کر فحاشی کی گندگی پھیلانے کی جسارت کہیں نہیں کی گئی۔ بس پاکیزہ قسم کی ذہنی تفریح کا سامان ہے جو قارئین کو مسائل پر غور و فکر کرنے کی جانب مائل کرتی ہے۔